## الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور منتخب نمائندوں کی بزرگان دین اور اولیاء کرام کے مزارات پر حاضری
## رابطہ کمیٹی نے مزارات پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی اور خصوصی دعائیں بھی کیں

کراچی۔۔۔26/اپریل2010ء

صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے پنجاب کنونشن کی عظیم الشان کامیابی پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست منتخب نمائندوں اور ایم کیوایم ذمہ داران نے پیر کے روز کراچی سمیت لاہو، راولپنڈی اور ملتان میں بزرگان دین اور اولیاء کرام کے مزارات پر حاضری دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مزارات چادریں چڑھائی اور خصوصی دعائیں کیں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان توصیف خانزادہ، آنسہ ممتاز انوار، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی امام الدین شہزاد، شعیب ابراہیم اور مزمل قریشی نے کراچی میں عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم تاجک اور سیف یار خان نے صوبائی وزیر سندھ شیخ محمد افضل، اراکین اسمبلی رشید گوڈیل رضا حیدر کے ہمراہ حضرت داتا گنجؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔اسی طرح راولپنڈی میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل، حق پرست منتخب نمائندوں وسیم اختر، عبدالوسیم نے راولپنڈی میں بری امام کے مزار پر حاضری دیگر مزار پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی جبکہ اولیاء کی سرزمین ملتان میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے افتخار اکبر رندھاوا، حق پرست ارکان قومی اسمبلی سجاد احمد، صلاح الدین نے صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین اور زونل کمیٹی کے اراکین کے ہمراہ شاہ رکن عالمؒ اور بہاؤالدین زکریاؒ کے مزارات پر حاضری دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مزارات پر چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست نمائندوں اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے پنجاب کنونشن کی کامیابی اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں اور مساکین میں لنگر بھی تقسیم کیا۔اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، لاہور، راولپنڈی اور ملتان زون کے زونل کمیٹی کے انچارجز واراکین، ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے دن گنے جاچکے ہیں، رابطہ کمیٹی
## پنجاب کنونشن کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرنے پر پنجاب بھر کی ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں، طلباوطالبات، معصوم بچوں، دانشوروں، صحافیوں، دانشوروں، صنعتکاروں، وکلاء، تاجروں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے اظہار تشکر

کراچی۔۔۔26، اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور، روالپنڈی اور ملتان میں منعقدہ ایم کیوایم پنجاب کنونشن میں شرکت پر صوبہ پنجاب کے حق پرست عوام سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لاہور، روالپنڈی اور ملتان میں منعقدہ پنجاب کنونشن میں صوبہ پنجاب کے حق پرست بزرگوں، ماؤں، بہنوں، نوجوانوں، طلباء وطالبات اور بچوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کر کے نہ صرف پنجاب کنونشن کو کامیاب بنایا بلکہ ثابت کردیا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا حق پرستانہ پیغام پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی مسلسل جدوجہد کے باعث زندگی کے بنیادی مسائل، محرومیوں اور ناانصافیوں کا شکار غریب ومتوسط طبقہ میں شعوری بیداری کا عمل شروع ہو چکا ہے اور ایم کیوایم پنجاب کنونشن کی تاریخی کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ اب فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے دن گنے جاچکے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے پنجاب کنونشن کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرنے پر پنجاب بھر کی ماؤں ، بہنوں، بزرگوں ، نوجوانوں ، طلباوطالبات، معصوم بچوں ، دانشوروں، صحافیوں، وکلاء، صنعتکاروں، تاجروں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## سیاسی، سماجی، کاروباری اور ادبی شخصیات کی جانب سے ایم کیوایم کے کامیاب کنونشن پر مبارکباد کے پیغامات
## ایم کیوایم، غریب عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے بے لوث جدوجہد کررہی ہے، پیغامات
## نائن زیروعزیز آباد اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں مبارکباد کے پیغامات کا تانتا

لندن۔۔۔26، اپریل 2010ء

پاکستان سمیت دنیا بھر کی سیاسی، سماجی، ادبی شخصیات، دانشوروں، کالم نگاروں، صحافیوں، ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں نے پنجاب کنونشن کی کامیابی پر جناب الطاف حسین کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے اپنے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا ہے۔ ایم کیوایم پنجاب کنونشن کی تاریخی کامیابی پر پاکستان سمیت دنیا بھر سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیز آباد اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فیکس، ای میل اور ٹیلی فون کے ذریعہ مبارکباد کے پیغامات کا سلسلہ رات بھر جاری رہا اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے جناب الطاف حسین، رابطہ کمیٹی کے ارکان اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان کو کامیاب کنونشن کی دلی مبارکباد پیش کی۔ اپنے پیغامات میں سیاسی وسماجی شخصیات، دانشوروں، کالم نگاروں، صحافیوں اور ایم کیوایم کے کارکنان وہمدردوں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کی جماعت ہے جو غریب عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے بے لوث جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے اپنے فکرانگیز خطاب میں پاکستان اور اس کے عوام کے بنیادی مسائل کی جڑ سے پنجاب کے عوام کو آگہی دیکر انہیں یہ سوچنے پر مجبور کردیا ہے کہ جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوگا اور ملک پر غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی قائم نہیں ہوگی اس وقت تک نہ تو ملک کے عوام کے بنیادی مسائل حل ہوسکتے ہیں اور نہ ہی پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیز آباد اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں تہنیتی پیغامات کا سلسلہ جاری ہے۔

## نامور بلوچ اور سرائیکی دانشور میر چاکر خان بلوچ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔26/اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ قائد جناب الطاف حسین نے نامور بلوچ اور سرائیکی دانشور اور ماہنامہ بلوچی دنیا کے چیف ایڈیٹر میر چاکر خان بلوچ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## حق پرست نمائندوں کی ڈی سی او لاہور اور پریس کلب کے صحافیوں سے ملاقات، الطاف حسین کی جانب سے تشکر کا اظہار

لاہور۔۔۔26/اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین اسمبلی سفیان یوسف، رشید گوڈیل اور رضا حیدر نے ڈی سی او لاہور سے ان کی دفتر میں ملاقات کی اور پنجاب کنونشن کے انعقاد کے دوران بہترین انتظامات اور مکمل تعاون کرنے پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے ان سے اظہار تشکر کیا اور انہیں مٹھائی پیش کی۔ دریں اثناء حق پرست اراکین اسمبلی نے لاہور زون کے ذمہ داران کے ہمراہ لاہور پریس کلب کا دورہ کیا اور پنجاب کنونشن کی کامیابی پر پریس کلب کے صحافیوں اور انتظامیہ میں مٹھائی تقسیم کی اور ان سے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے تشکر کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈی سی او لاہور اور صحافیوں نے ایم کیوایم کے نمائندوں کو کنونشن کی کامیابی کی مبارکباد پیش کی اور اپنے تعاون کا یقین دلایا۔

## ایم کیوایم سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔26/اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے شعبہ خواتین کی رکن جمال النساء کے شوہر میر شوکت علی، قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن محمد عارف کے والد محمد طارق، ایم کیوایم عمرکوٹ سامارو یونٹ کے کارکن منظور احمد کے والد حاجی یاسین خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆